BRAMPTON Service and Information Update

برامپٹن ٹرانزٹ کے زیادہ تر ٹرمینلز پر موجود کسٹمر سروس کاؤنٹرز مؤرخہ 22 جون سے دوبارہ کھول دیے جائیں گے

برامپٹن، آن، (19 جون 2020) – سٹی آف برامپٹن کے دوبارہ کھلنے اور بحالی کے منصوبے کے حصّے کے طور پر، برامپٹن ٹرانزٹ کے براملیا، برامپٹن گیٹ وے اور ڈاؤن ٹاؤن ٹرمینلز پر کسٹمر سروس کاؤنٹرز مؤرخہ 22 جون سے شروع کرتے ہوئے دوبارہ کھل جائیں گے۔ جبکہ ٹرینیٹی کامن ٹرمینل کی عمارت جسمانی فاصلہ بندی کے لیے جگہ کی کمی کے باعث بند رہے گی۔

برامپٹن ٹرانزٹ کے ٹرمینلز پر محدود گنجائش کی وجہ سے، درج ذیل ٹرمینلز کسٹمر سروس کاؤنٹرز پر لین دین، گیٹ وے آن دی گو اور بیت الخلاء کے استعمال کے لیے کھلے ہوں گے۔

کسٹمر سروس کاؤنٹر کے اوقات کار درج ذیل ہوں گے۔

براملیا ٹرمینل

- پیر تا جمعہ: صبح 6 تا شام 8
- بروز ہفتہ: صبح 9 تا شام 6
- بروز اتوار: صبح 11 تا شام 6

برامپٹن گیٹ وے ٹرمینل

- پیر تا جمعہ: صبح 6 تا شام 8
- بروز ہفتہ: صبح 9 تا شام 6
- بروز اتوار: صبح 11 تا شام 6

ڈاؤن ٹاؤن ٹرمینل

- پیر تا جمعہ: صبح 7 تا شام 7
- بروز ہفتہ: صبح 9 تا شام 6
- بروز اتوار: بند

سٹی کمیونٹی کی صحت و سلامتی کو بہت سنجیدگی سے لیتا ہے، خصوصًا کووڈ-19 کے دوران۔ کسٹمر سروس کاؤنٹرز کے کھلنے کے ساتھ، درج ذیل حفاظتی اقدامات زیر نفاذ رہیں گے۔

- دو میٹر کے جسمانی فاصلہ بندی کے اقدامات زیر نفاذ ہوں گے۔ گاہکوں سے کسٹمر سروس کی کھڑکیوں پر قطار بنانے میں دو میٹر کا فاصلہ رکھنے کا کہا جائے گا اور اس قاعدے کی یاددہانی کے لیے نشانات آویزاں کیے جائیں گے۔
- جسمانی فاصلہ بندی کے اقدامات کو ممکن بنانے اور گاہکوں کو آگاہ رکھنے کے لیے ٹرمینلز پر عملے کو تعینات کیا جائے گا۔
- جہاں اجازت ہوئی، ہر ٹرمینل پر داخلے اور نکلنے کے لیے خصوصی دروازے ہوں گے۔
- کسٹمر سروس کاؤنٹرز اور پن پیڈز کو کثرت سے جراثیم سے پاک کیا جائے گا۔

بزرگ افراد کو نقل و حمل کی قابل رسائی سہولیات فراہم کرنا سٹی کی اولین ترجیح ہے اور کورونا وائرس کے اثرات کو مد نظر رکھتے ہوئے، برامپٹن ٹرانزٹ کے تمام فعال سینئر ID کارڈز کی تاریخ تنسیخ کو غیر معینہ مدت تک منسوخ کر دیا گیا ہے۔

کلارک اور سینڈل ووڈ کی سہولت گاہیں عوام کے لیے بدستور بند رہیں گی۔

دستیاب رہنے تک مسافروں کے لیے مفت ماسک

برامپٹن ٹرانزٹ سٹی آف برامپٹن کے دوبارہ کھلنے اور بحالی کے منصوبے کے ایک پہلے قدم کے طور پر اپنے سواروں میں مفت 100,000 نان میڈیکل ماسک تقسیم کرے گا، جب تک کہ یہ ختم نہیں ہو جاتے۔ نان میڈیکل ماسک برامپٹن ٹرانزٹ کے براملیا، برامپٹن گیٹ وے اور ڈاؤن ٹاؤن ٹرمینلز پر 22 جون کے ہفتے کے اختتام کے قریب تقسیم کیے جائیں گے۔

BRAMPTON Service and Information Update

کرایہ کی ادائیگی، اگلے دروازے سے سواری اور نان میڈیکل ماسک – 2 جولائی سے مؤثر

سٹی مسافروں کو یاددہانی کراتا ہے کہ بروز جمعرات، مورخہ 2 جولائی سے شروع کرتے ہوئے، کرایہ کی ادائیگی اور مسافروں کے اگلے دروازے سے داخل ہونے کا دوبارہ سے آغاز کر دیا جائے گا۔ پیل پبلک ہیلتھ اور حکومت اونٹاریو کی جانب سے نقل و حمل کی عوامی سہولیات میں ماسک پہننے کی سخت سفارش کے بعد، برامپٹن ٹرانزٹ کے مسافروں اور آپریٹرز کے لیے 2 جولائی سے بسوں میں اور ٹرمینلز پر نان میڈیکل ماسک پہننا لازمی ہو گا۔

چونکہ ماسک لازمی ہیں، مگر چھوٹے بچے یا انہیں ماسک پہننے سے روکنے والی معذوریوں یا دیگر طبی مسائل کے حامل لوگوں کے لیے یہ ضروری نہیں ہو گا۔

رہائشیوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ بغیر رابطے کے ادائیگی کی ایک صورت کے طور پر اپنا کرایہ ادا کرنے کے لیے اپنے PRESTO کارڈ استعمال کریں۔ برامپٹن ٹرانزٹ ابھی بھی نقد ادائیگی کرنے والے رہائشیوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہے کہ وہ کسٹمر سروس کاؤنٹر سے ایک PRESTO کارڈ حاصل کر لیں۔ مؤرخہ 22 جون سے شروع کرتے ہوئے، ہم محدود مدت کے لیے 6 $ PRESTO کارڈ فیس کو فی گاہک ایک کارڈ کے لیے معاف کر رہے ہیں۔

کرونا وائرس (کووِڈ-19) کے لیے حفاظتی اقدامات

سٹی مسافروں کی حوصلہ افزائی کرتا ہے کہ وہ ٹرمینلز اور بس اسٹاپس پر ایک دوسرے سے کم از کم دو میٹر (چھ فٹ) دور رہ کر جسمانی فاصلہ بندی کے اقدامات کو برقرار رکھیں، بے شک انہوں نے ماسک بھی پہنا ہوا ہو۔ مسافروں کو اس بات کی بھی یاد دہانی کروائی جاتی ہے کہ وہ سفر کے دوران اپنی ذاتی جراثیم کش، مثلاً ہینڈ سینیٹائزر یا وائپس وغیرہ اپنے ساتھ رکھیں، کثرت سے اپنے ہاتھ دھوئیں اور اپنی کہنی میں کھانسیں یا چھینکیں۔

صفائی اور جراثیم سے پاک کرنے کی اضافہ شدہ کاروائیاں بدستور جاری رہیں گی۔ برامپٹن ٹرانزٹ نے تمام ٹھوس سطحوں، آپریٹر کے کمپارٹمنٹس اور سیٹوں کو ہر 48 گھنٹے کے بعد جراثیم سے پاک کرنے کا ہدف مقرر کیا ہوا ہے۔ زیادہ تر بسوں کو موجودہ طور پر ہر 24 گھنٹے کے بعد جراثیم سے پاک کیا جا رہا ہے۔ جبکہ سہولت گاہوں اور ٹرمینلز کی ٹھوس سطحوں کی صفائی اور جراثیم سے پاک کرنے کا کام روزانہ کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔

پیل پبلک ہیلتھ کی جانب سے رہنمائی کے ساتھ، سٹی آف برامپٹن تمام لوگوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہے کہ وہ نان میڈیکل ماسک پہنیں، خصوصًا ایسی جگہوں پر، جہاں جسمانی فاصلہ بندی مشکل ہو۔ خطرے پر گہری نظر رکھنے کے لیے سٹی آف برامپٹن اپنے شراکت داروں پیل پبلک ہیلتھ اور برامپٹن ایمرجینسی منیجمنٹ آفس کے ساتھ قریبی طور پر اور مل جل کر کام کر رہا ہے۔ باقاعدہ اپ ڈیٹس کے لیے www.brampton.ca/covid19 ملاحظہ کریں اور سروس اپ ڈیٹس کے لیے www.bramptontransit.com پر جائیں یا ٹوئٹر پر bramptontransit@ کو فالو کریں۔ کسی قسم کے سوالات برامپٹن ٹرانزٹ کے کنٹیکٹ سنٹر سے 905.874.2999 پر پوچھے جا سکتے ہیں۔

30--

میڈیا کنٹیکٹ
مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 |Monika.Duggal@brampton.ca